# اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

## پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی کام/ بی اے/ بی ایس سی پہلا سالانہ امتحان 2020ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان اسلامیہ یونیورسٹی کے بہاولپور، رحیمیار خان اور بہاولنگر کیمپسز میں قائم کردہ سنٹرز میں مورخہ 02 نومبر 2020ء بروز سوموار سے کرونا وباء سے متعلق طے شدہ حفاظتی اقدامات کی روشنی میں آن لائن منعقد کیا جائے گا۔

مذکورہ امتحان سے قبل خواہشمند طلباء وطالبات مورخہ 22 اکتوبر 2020ء بروز جمعرات سے یونیورسٹی کے مندرجہ بالا امتحانی مراکز میں جاری شدہ شیڈول کے مطابق پریکٹس امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں تاکہ امیدوار آن لائن امتحان کو سمجھ سکیں اور اصل امتحان کے انعقاد کے دوران پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ مزید یہ کہ امیدواران کی سہولت کے پیش نظر (Sample paper) یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk پر مورخہ 16 اکتوبر بروز جمعہ 2020ء سے مہیا کردیئے جائیں گے۔

امتحان میں شرکت کے لئے رولنمبر سلپ اور ڈیٹ شیٹ جلد ہی کالج کے سابقہ و پرائیویٹ امیدواران کے فراہم کردہ رہائشی پتہ پر ارسال کردی جائیں گی۔ تاہم کالج کے ریگولر طلباء وطالبات اپنی رولنمبر سلپ کے حصول کے لئے اپنے کالج سے رابطہ کریں۔

آن لائن امتحان کے پیش نظر تمام ریگولر، کالج کے سابقہ اور پرائیویٹ امیدواران سے یونیورسٹی کے فون نمبروں سے رابطہ کیا گیا اور تمام امیدواران کو اپنے شناختی کارڈ نمبر، موبائل فون (Whatsapp) نمبر اور ای میل ایڈریس شعبہ امتحانات میں جمع کروانے کی ہدایت کی گئی تاہم کسی وجہ سے اگر کوئی امیدوار تا حال مذکورہ بالا معلومات فراہم کرنے سے قاصر رہا ہے تو وہ مورخہ 12 اکتوبر 2020ء بروز سوموار تک دفتر کے فون نمبر 9250243(062) پر رابطہ کر کے اندراج کروا سکتے ہیں تاکہ آپکی امتحانات میں شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایسے امیدوار جو پہلے سے مندرجہ بالا معلومات بی اے/ بی ایس سی برانچ کو فراہم کر چکے ہیں انہیں دوبارہ سے معلومات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

امتحانات سے متعلق کسی قسم کی معلومات یا دشواری کی صورت میں امیدوار متعلقہ ای میل exams.query@iub.edu.pk پر میل کریں یا درج بالا فون نمبر پر رابطہ کریں۔

مزید یہ کہ تمام امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ یونیورسٹی ای پورٹل (eportal.iub.edu.pk) پر 22 اکتوبر 2020ء بروز جمعرات سے قبل اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنائیں تاکہ معلومات کی بروقت فراہمی ممکن ہو سکے اور امتحان کے دوران کسی بھی ممکنہ پریشانی سے بچا جا سکے۔

ڈپٹی کنٹرولر امتحانات

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور مورخہ 07 اکتوبر 2020ء